
کرونا وائرس

(حفاظتی تدابیر، مسنون دعائیں)

متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن مدظلہ (مدینہ منورہ)



کروناوائرس کیا ہے:

چمگادڑوں میں کئی قسم کے وائرس پائے جاتے ہیں۔ موجودہ کروناوائرس ان میں سے ایک ہے۔ یہ وائرس چین کے شہر ووہان سے شروع ہوا۔ ووہان شہر کی ایک مارکیٹ میں جنگلی جانور فروخت کیے جاتے تھے جہاں سے یہ وائرس پھیلنا شروع ہوا اور اب تقریباً دنیا بھر میں پھیل چکا ہے۔

1960ء میں بھی خنزیر سے انسانوں میں یہ وائرس منتقل ہوا تھا۔ اور دسمبر 2019ء سے چین میں چمگاڈروں اور ان کا فضلہ کھانے والے جنگلی جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہونا شروع ہوا ہے۔ یہ وائرس اس لیے زیادہ خطرناک ہے کہ یہ انسان سے انسان کے درمیان میں پھیلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

بیماری کے اثرات:

یہ وائرس جانوروں اور پرندوں میں اسہال اور سانس کی تکلیف جیسی بیماریوں اور انسانوں میں سانس اور پھیپھڑوں کے امراض کا سبب بنتا ہے۔ عموماً اس کے اثرات معمولی ہوتے ہیں لیکن بسا اوقات کسی غیر معمولی صورت حال میں مہلک بھی ہو جاتے ہیں جیسا کہ آج کل ہو رہا ہے۔ کورونا وائرس نظامِ تنفس کے ساتھ ساتھ نظامِ ہضم کو بھی متاثر کرتا ہے اور بسا اوقات آنت اور معدے کا نمونیا ہو جاتا ہے۔ متاثرہ لوگوں کو زکام، گلا خراب، سر درد اور بخار کی علامات ہوتی ہیں۔ پھیپھڑوں میں انفیکشن زیادہ ہونے کی صورت میں سانس رک جاتی ہے اور مصنوعی تنفس دینا پڑتا ہے۔ اس حالت میں یہ میڈیکل ایمرجنسی بن جاتی ہے۔

حفاظتی تدابیر:

کرونا وائرس کا کوئی خاص تصدیق شدہ علاج یا دوا نہیں ہے البتہ کچھ احتیاطی تدابیر ہیں جن پر عمل کرنے سے بیماری لاحق ہونے سے بچا جا سکتا ہے:

- جسمانی اور روحانی صفائی کا خیال رکھیں۔
- صابون سے بار بار ہاتھ دھوئیں۔
- گندے ہاتھوں سے ناک، آنکھ اور منہ کو مت چھوئیں۔
- کھانسی یا چھینک آنے پر منہ کو ٹشو سے ڈھانپ کر رکھیں اور ٹشو کو مناسب طریقے سے تلف کریں۔
- گوشت اور انڈوں کو صحیح طریقے سے پکائیں۔
- بیمار جانور خصوصاً اسہال کی شکایت والے جانوروں کا گوشت نہ کھائیں۔
- جنگلی جانوروں سے میل جول سے مکمل پرہیز کریں۔
- متاثرہ افراد سے تعلق میں ضروری احتیاطیں بجا لائیں اور ان کی استعمال شدہ چیزوں سے دور رہیں۔
- جو لوگ وبا سے متاثرہ علاقے میں ہیں وہ علاقہ چھوڑ کر نہ جائیں اور باہر والے لوگ وہاں نہ آئیں۔ یہ نبوی تعلیم ہے۔

- نمونیا، شدید کھانسی کے ساتھ بخار اور سانس کی تکلیف کی صورت میں فوراً کسی اچھے معالج کو دکھائیں۔
- حرام جانور خصوصاً خنزیر، چمگاڈر، چوہے اور پینگولن اس وائرس کے پھیلنے کا بڑا ذریعہ ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے ہم پر ان خبیث چیزوں کو حرام کیا ہے۔ دنیا بھر کی حکومتوں کو چاہیے کہ ان حرام جانوروں کے گوشت کی فروخت اور استعمال پر مستقل طور پر پابندی لگائیں۔

الحمدللہ یہ وہی تعلیمات ہیں جو ہمارا پیارا مذہب ہمیں سکھاتا ہے۔ جو شخص پانچ نمازوں کا اہتمام کرتا ہے اور کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے کی سنت پر عمل کرتا ہے، اس کے لیے ان تدابیر پر عمل کرنا اور بھی آسان ہے۔

روحانی تدابیر اور دعائیں:

حفاظتی تدابیر کے ساتھ ساتھ روحانی تدابیر پر بھی عمل کریں۔

1- صدقہ

صدقہ دیں، اپنے گلی محلے اور رشتے داروں میں بیوہ، یتیم اور مستحق افراد کو ضروریاتِ زندگی مہیا کریں۔ صدقہ ہر قسم کی بلا کو ٹالتا ہے، بری موت سے بچاتا ہے اور رزق، صحت اور عمر میں برکت لاتا ہے۔

2- مسنون دعاؤں کا اہتمام

دعا مومن کا ہتھیار ہے، خیر و برکت لانے اور ہر قسم کے شر اور آفت سے بچاؤ کا ذریعہ ہے۔ ان حالات میں درج ذیل دعاؤں کا اہتمام کریں:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی مصیبت زدہ کو دیکھے اور یہ دعا پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلاً

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے اس مصیبت سے بچایا جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی، تو وہ زندگی بھر اس وبا سے محفوظ رہے گا۔

اس لیے جب بھی کسی کے بارے میں سنیں کہ اسے کوئی متعدی بیماری لاحق ہوئی ہے تو یہ دعا ضرور پڑھیں۔

ہر قسم کی موذی بیماری سے بچنے کے لیے یہ مسنون دعائیں مانگا کریں:

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَيِّئِ الْأَسْقَامِ

اے اللہ! میں برص سے، دماغی خرابی سے، کوڑھ سے اور ہر قسم کی بُری بیماریوں سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ عافِنِی فِی بَدَنِی اَللّٰھُمَّ عافِنِی فِی سَمْعِی اَللّٰھُمَّ عافِنِی فِی بَصَرِی لا إِلٰهَ إِلَّا أَنتَ

اے اللہ! میرے بدن، میری سماعت اور میری آنکھوں میں عافیت دیجیے؛ آپ کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔

اللہ تعالی وطنِ عزیز پاکستان، تمام اسلامی ممالک اور پوری دنیا کی ان موذی بیماریوں سے حفاظت فرمائیں۔ اپنی پاک اور حلال نعمتوں کو ہمارے لیے مرغوب فرما کر ہر قسم کے حرام اور خبیث کی نفرت ہمارے دلوں میں بٹھا دیں۔ آمین بجاہ النبی الکریم علیہ وآلہ واصحابہ الصلوۃ والتسلیم